بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے
تعلیمی نصاب برائے ماہ
مئی 2025

1۔قرآن کریم کے احکامات

- سورۃالبقرہ کی آیت 239 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَقُوۡمُوۡا لِلّٰہِ قٰنِتِیۡنَ

اور اللہ کے حضور فرمانبرداری کرتے ہوئے کھڑے ہو جاؤ

- تفسیر کبیر میں حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمدؓ اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں "نماز میں تمہارا خیال کسی اور طرف نہ ہو بلکہ پورے خلوص اور اطاعت اور تبتل تام کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو"۔
- اس حکم کو مزید بہتر رنگ میں سمجھنے کے لئے قرآن مجید کی اس آیت کو بمعہ ترجمہ و تفسیر غور سے پڑھیں اور اس بات پر غور کریں کہ نمازوں میں مکمل توجہ کس طرح حاصل کی جاسکتی ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 213
https://new.alislam.org/library/books/quran-urdu-tafseer-e-kabeer-3?page=386&origsearch=2%3A239

2۔اسماء الحسنیٰ

- اللہ تعالیٰ کی صفت "اَلۡوَھَّابُ" (بہت دینے والا) کا مطالعہ کریں۔
- اللہ تعالیٰ کی صفت "اَلۡوَھَّابُ" کے بارے میں پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے خطبہ جمعہ میں بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اَلۡوَھَّابُ اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے یعنی اپنے بندوں پر انعام کرنے والا۔ یہ لفظ انسانوں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے لیکن حقیقی وَھَّاب اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے جو اپنے بندوں کو مانگنے پر بھی اور بغیر مانگنے پر بھی کثرت سے عطا فرماتی ہے۔ ایک حقیقی مومن اگر غور کرے تو اللہ تعالیٰ کے وَھَّاب ہونے کے نظارے، اس کی عطاؤں اور انعاموں کے نظارے ہر وقت دیکھتا ہے اور یہی بات ہمیں ہمارے زندہ خدا کا پتہ دیتی ہے۔ پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ تفصیل سے سنیں۔

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 217-218
خطبہ جمعہ مورخہ 14/11/2008: https://www.alislam.org/friday-sermon/2008-11-14.html

3۔ حدیث

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ ، کُلُّکُمْ رَاعٍ وَ کُلُّکُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَ عِیَّتِہٖ۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم میں سے ہر شخص اپنے دائرہ کے اندر ایک حاکم کی حیثیت رکھتا ہے اور تم میں سے ہر ایک کو اپنے ماتحتوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔

- اس حدیث کی تشریح کو تفصیل سے پڑھیں جس میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ ہر انسان کے ساتھ کچھ حقوق لگے ہوئے ہیں اور کچھ ذمہ داریاں بھی ہیں۔

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 223–226

4۔ نماز۔ قیام نماز کے روحانی سفر کی سات منزلیں

- مضمون 'قیام نماز کے روحانی سفر کی سات منزلیں' بیان فرمودہ حضرت مصلح موعودؓ میں سے قیام نماز کی ساتویں منزل کا مطالعہ کریں۔
- ساتواں درجہ ایمان کا یہ ہے کہ انسان نہ صرف پانچوں نمازیں اور نوافل ادا کرے بلکہ رات کو تہجد بھی پڑھے۔
- کتاب ذکر الٰہی صفحہ نمبر 511–517 کو تفصیل سے پڑھیں جس میں حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمدؓ نے تہجد کے لئے اٹھنے کے تیرہ طریق بیان فرمائے ہیں۔

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 170
ذکر الٰہی صفحہ نمبر 511–517:
https://files.alislam.cloud/urdu/pdf/AU3.pdf#page=506ume 3

5۔ کتاب: احمدیت یعنی حقیقی اسلام
تصنیف حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کتاب احمدیت یعنی حقیقی اسلام میں حضرت مصلح موعودؓ نے بیان فرمایا ہے کہ تیسرا مقصد مذہب کا بنی نوع انسان کی تمدنی ضروریات کا حل ہے۔ مذہب کے اس تیسرے مقصد کا مطالعہ کرتے ہوئے مندرجہ ذیل نکات پر غور کریں۔

- ملکی اور سیاسی حقوق، کس احسن طریق پر ان کو ادا کیا جا سکتا ہے؟
- آقا اور ملازم یا مالدار اور غریبوں کے تعلقات۔
- ایک مذہب کے لوگوں کو دوسرے مذہب کے لوگوں سے یا ایک بادشاہت کے لوگوں کو دوسری بادشاہت کے لوگوں سے کیسا سلوک کرنا چاہیے؟

ذرائع کتاب: احمدیت یعنی حقیقی اسلام- صفحہ نمبر 280



click to read



click to read